© rasailojaraid.com



پروفیسر محمد اکرام تائب

# نعتِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

حشر تک ہر اک مرض کی یوں دوا کرتا رہوں
بیٹھ کر ہر وقت ذکرِ مصطفیٰ کرتا رہوں

اُن کے سنگِ آستاں پر رکھ کے سر اپنا یونہی
ہو چکے ہیں جو قضا سجدے، ادا کرتا رہوں

دم نکلتے وقت دیکھوں اُن کے چہرے کی جھلک
یہ دعا ہر وقت میں صبح و مسا کرتا رہوں

عمر بھر بیٹھا رہوں روضے کی جالی تھام کر
بارگاہِ ایزدی میں یہ دعا کرتا رہوں

اُن کے اسمِ پاک کی برکت سے محشر تک یونہی
آنے والی دُور مَیں ہر اک بلا کرتا رہوں

وہ کسی دن تو یہ پوچھیں گے کہ تائبؔ کون ہے
اُن کی چوکھٹ پر بڑا آہ و بُکا کرتا رہوں



© rasailojaraid.com